اَلْعَلَق

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ ۚ (۱)	اے نبی ﷺ اپنے پروردگار کا نام لے کر پڑھو جس نے تمام کائنات کو پیدا کیا۔
خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۚ (۲)	جس نے انسان کو خون کی پھٹکی سے بنایا۔
اِقْرَاْ وَ رَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۙ (۳)	پڑھو اور تمہارا پروردگار بڑا کریم ہے۔
الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۙ (۴)	جس نے قلم کے ذریعے سے علم سکھایا۔
عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ ؕ (۵)	اور انسان کو وہ باتیں سکھائیں جن کا اسکو علم نہ تھا۔
كَلَّاۤ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَیَطْغٰۤی ۙ (۶)	مگر انسان سرکش ہو جاتا ہے۔
اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰی ؕ (۷)	اس بناء پر کہ وہ اپنے آپکو بے نیاز سمجھتا ہے۔

اِنَّ اِلٰى رَبِّكَ الرُّجْعٰىؕ ﴿۸﴾	کچھ شک نہیں کہ سب کو تمہارے پروردگار ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔
اَرَءَيْتَ الَّذِىْ يَنْهٰىؕ ﴿۹﴾	کیا تم نے اس شخص کو دیکھا جو منع کرتا ہے۔
عَبْدًا اِذَا صَلّٰىؕ ﴿۱۰﴾	یعنی ایک بندے کو جب وہ نماز پڑھنے لگتا ہے۔
اَرَءَيْتَ اِنْ كَانَ عَلَى الْهُدٰٓىۙ ﴿۱۱﴾	بھلا دیکھو تو اگر یہ راہ راست پر ہو۔
اَوْ اَمَرَ بِالتَّقْوٰىؕ ﴿۱۲﴾	یا پرہیزگاری کا حکم کرے تو منع کرنا کیسا۔
اَرَءَيْتَ اِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰىؕ ﴿۱۳﴾	تو اس کا انجام کیا ہوگا ذرا دیکھو تو اگر اس نے دین حق کو جھٹلایا اور اس سے منہ موڑا۔
اَلَمْ يَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰىؕ ﴿۱۴﴾	کیا اسکو معلوم نہیں کہ اللہ دیکھ رہا ہے۔
كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ ۙ لَنَسْفَعًۢا بِالنَّاصِيَةِۙ ﴿۱۵﴾	دیکھو اگر وہ باز نہ آئے گا تو ہم اسکی پیشانی کے بال پکڑ کر گھسیٹیں گے۔
نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ۚ ﴿۱۶﴾	یعنی اس جھوٹے خطارکار کی پیشانی کے بال۔

فَلْيَدْعُ نَادِيَهٗ ۙ﴿۱۷﴾	تو وہ اپنے یاران مجلس کو بلا لے۔
سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ ۙ﴿۱۸﴾	ہم بھی دوزخ کے فرشتوں کو بلائیں گے۔
كَلَّا ۭ لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ۩ ؑ﴿۱۹﴾	دیکھو اس کا کہا نہ ماننا اور سجدہ کرنا اور اللہ کا قرب حاصل کرتے رہنا۔